موضوعی رمز بندی	تفصیل	میزانیہ تخمینہ جات 2021-22	نظرثانی شدہ تخمینہ جات 2021-22	میزانیہ تخمینہ جات 2022-23
	متفرق ڈپازٹس و ریزرو اکاؤنٹس			
G14100	پاکستان منٹ	-	213	1,570
G10104	منٹ وصولیاں وکلیکشن اکاؤنٹ	82	-	-
G10102	امور خارجہ وصولیاں وکلیکشن اکاؤنٹ	5,473	19,192	-
G10106	سروے آف پاکستان کے ڈپازٹس ورکس	24	38	-
G10107	محکمہ ترقیاتی معدنیات کے ڈپازٹس		132	-
G10304	زکوٰۃ کلیکشن اکاؤنٹ	2,993	1,123	-
G11215	ریونیو ڈپازٹس	10,213	3,795	-
G11216	سول اور فوجداری عدالت ڈپازٹس	32	31	-
G11217	پرسنل ڈپازٹس	55,856	56,950	-
G11218	فاریسٹ ڈیپازٹس	-	20	-
G11220	انتخابات سے متعلق ڈیپازٹس	55	1	-
G11225	AGPR سے متعلقہ ڈپازٹس اکاؤنٹ	357	155	-
G11230	خصوصی ترسیلات ڈپازٹس	4,397	721	-
G	**ڈپازٹس اور ریزرو**			
	متفرق ڈپازٹس و ریزروز			
G11237	ڈپازٹ لوکل باڈیز برائے دعویٰ جات ٹھیکیداران	-	0.01	-
G11240	سیکورٹی ڈپازٹ آف کیشئر	54	597	-
G11255	دفاعی خدمات سیکورٹی ڈپازٹس	2,554	3,074	-
G11256	دفاعی خدمات متفرق ڈپازٹس	181,762	271,540	-
G11276	پرائیویٹ کمپنیوں کے سیکورٹی ڈپازٹ	-	73	-
G11278	اراکین کی جانب سے ہاؤسنگ فاؤنڈیشن کو امداد		0.6	-
G11280	NSS کی سرمایہ کاری کے منافع پر ودہولڈنگ ٹیکس	6,736	18,426	-
G11281	PNAC کی وصول کردہ فیسوں کا ڈپازٹ اکاؤنٹ	55	74	-
G11290	فرموں/ ٹھیکیداروں کا سیکورٹی ڈپازٹ	243	39	-
G12713	تنخواہوں سے انکم ٹیکس کی کٹوتی	22	49	-
G12714	کنٹریکٹرز/ سپلائرز سے انکم ٹیکس کی کٹوتی	78	187	-
G12741	وفاقی سول ملازمین سے سروس بک کلب کی کٹوتی	9	14	-
G12777	سیلز ٹیکس کی کٹوتی خصوصی ضابطہ، 2007	13	34	-
G13140	GSP وصولی اورکولیکشن اکاؤنٹ	23	39	-
	دیگر	5	-	-
	کل ڈپازٹس اور ریزورز	**519,107**	**461,450**	**106,898**
	کل پبلک اکاؤنٹ اخراجات	**1,447,836**	**1,957,287**	**1,376,734**

تصویبی اور غیر تصویبی اخراجات کا تخمینی گوشوارہ

آئین پاکستان کے آرٹیکل (2)80 کی رو سے یہ گوشوارہ تصویبی اور غیر تصویبی اخراجات میں امتیاز کرتا ہے۔

(روپے ملین میں)

تفصیل	2021-22 میزانیہ	2021-22 نظرثانی شدہ	2022-23 میزانیہ
I. ریونیو اکاؤنٹس سے اخراجات	**8,122,328**	**8,781,686**	**9,199,160**
جاریہ	7,523,248	8,388,798	8,707,970
ترقیاتی	599,080	392,888	491,190
کل منظور شدہ اخراجات	**8,122,328**	**8,781,686**	**9,199,160**
غیر تصویبی	*4,530,774*	*5,230,774*	7,792,352
تصویبی	3,591,554	3,550,912	1,406,808
II. سرمایہ جاتی اکاؤنٹس سے اخراجات	**23,757,328**	**22,764,703**	**24,223,328**
جاریہ	23,218,557	22,348,381	23,690,641
ترقیاتی	538,770	416,322	532,686
کل منظور شدہ اخراجات	**23,757,328**	**22,764,703**	**24,223,328**
غیر تصویبی	*21,929,602*	*21,563,754*	*20,094,016*
تصویبی	1,827,726	1,200,949	4,129,312
III. وفاقی مجموعی فنڈ سے پورے کیے جانے والے کل اخراجات	**31,879,656**	**31,546,389**	**33,422,488**
اخراجات جاریہ	30,741,806	30,737,178	32,398,611
ترقیاتی اخراجات	1,137,850	809,211	1,023,877
IV. کل منظور شدہ اخراجات	**31,879,656**	**31,546,389**	**33,422,488**
کل ۔ غیر تصویبی	*26,460,376*	*26,794,528*	*27,886,368*
کل ۔ تصویبی	5,419,280	4,751,861	5,536,120

بیان اغراض و مقاصد -- مطالباتِ زر

یہ گوشوارہ پبلک فنانس مینجمنٹ ایکٹ2019 کی دفعہ 4 کے تعمیل میں فراہم کیا جا رہا ہے۔ وفاقی حکومت کی پالیسی ترجیحات کی بنیاد پر مطالبات زر ملکی اور بیرونی قرضوں اور ایڈوانسز کی ادائیگی، جاری اور ترقیاتی سرگرمیوں کے اخراجات، معاشی نمو کے استحکام، صحت اور تعلیم کے نظام کی طرف بھرپور توجہ اور مختلف پروگراموں کی وساطت سے روزگار کی فراہمی کا بندوبست کرتے ہیں۔

کوویڈ-19 کے وبائی امراض کے دوران معاشی سرگرمیوں کے استحکام اور توازن اور یوکرین کی جنگ کی وجہ سے دیگر مشکلات کے لیے وفاقی حکومت کو درپیش مسلسل چیلنجز میں حکومت کی پالیسی ترجیح عوام کو ریلیف فراہم کرنے اور اس بات کو یقینی بنانے کی طرف مرکوز ہے کہ کم آمدنی والے افراد کو مختلف اقسام کے قدامات سے معاونت دی جائے۔ ان اقدامات میں بے نظیر انکم سپورٹ، ضروری اشیاء خوراک پر ٹارگٹڈ سبسڈی، نقد معاونت، بجلی کی مد میں سبسڈی وغیرہ شامل ہیں۔

معاشی سرگرمی پیدا کرنے اور روزگار اور کاروباری سرگرمیو ں کے فروغ کے لیے حکومت نوجوانوں کو نرم شرائط پر قرضے مہیا کرے گی۔

شعبہ خزانہ
اسلام آباد، 10 جون 2022

حامد یعقوب شیخ
سیکرٹری، حکومت پاکستان

یکم جولائی 2022ء کو شروع اور 30 جون 2023ء کو ختم ہونے والے مالی سال کے لئے وفاقی مجموعی فنڈ سے پورے کئے جانے والے اخراجات برائے مطالبات زر اور تخصیصات

جدول - I

مطالبہ وار اخراجات برائے میزانیہ تخمینہ جات 2022-2023

(روپے ملین میں)

مطالبہ نمبر	وزارتیں/شعبے	میزانیائی تخمینے 2022-2023 غیر تصویبی	تصویبی	کل
1۔	شعبۂ ہوا بازی		2,227	2,227
2۔	ایئرپورٹس سیکورٹی فورس		10,196	10,196
3۔	کابینہ		282	282
4۔	شعبۂ کابینہ		2,563	2,563
5۔	ہنگامی امداد اور بحالی		393	393
6۔	انٹیلی جنس بیورو		10,313	10,313
7۔	ایٹمی توانائی		13,794	13,794
8۔	پاکستان نیوکلیئر ریگولیٹری اتھارٹی		1,409	1,409
9۔	نیا پاکستان ہاؤسنگ ڈویلپمنٹ اتھارٹی		969	969
10۔	وزیراعظم آفس (انٹرنل)		465	465
11۔	وزیراعظم آفس (پبلک)		528	528
12۔	نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی		631	631
13۔	سرمایہ کاری بورڈ		378	378
14۔	وزیراعظم معائنہ کمیشن		61	61
15۔	سپیشل ٹیکنالوجی زون اتھارٹی		914	914
16۔	اسٹیبلشمنٹ ڈویژن		6,203	6,203
17۔	فیڈرل پبلک سروس کمیشن		1,085	1,085
18۔	نیشنل سکول آف پبلک پالیسی		2,409	2,409
19۔	سول سروسز اکیڈمی		949	949
20۔	شعبۂ نیشنل سیکورٹی		143	143
21۔	مشترکہ مفادات کونسل		135	135

جدول - I

مطالبہ وار اخراجات برائے میزانیہ تخمینہ جات 2022-2023

(روپے ملین میں)

مطالبہ نمبر	وزارتیں/شعبے	میزانیائی تخمینے 2022-2023 غیر تصویبی	تصویبی	کل
22۔	شعبۂ موسمیاتی تبدیلی		601	601
23۔	شعبۂ تجارت		5,262	5,262
24۔	شعبۂ مواصلات		204	204
25۔	شعبۂ مواصلات کے دیگر اخراجات		22,392	22,392
26۔	پاکستان پوسٹ آفس ڈیپارٹمنٹ	*10*	15,709	15,719
27۔	شعبۂ دفاع		4,299	4,299
28۔	وفاقی حکومت کے کینٹ وگریژن میں تعلیمی ادارے		8,976	8,976
29۔	دفاعی خدمات		1,563,000	1,563,000
30۔	شعبۂ دفاعی پیداوار		916	916
31۔	شعبۂ اقتصادی امور		681	681
32۔	شعبۂ اقتصادی امور کے متفرق اخراجات		12,979	12,979
33۔	شعبۂ بجلی		355,368	355,368
34۔	شعبۂ پٹرولیم		71,675	71,675
35۔	جیولوجیکل سروے آف پاکستان		1,157	1,157
36۔	شعبۂ وفاقی تعلیم وپیشہ ورانہ تربیت		20,747	20,747
37۔	اعلیٰ تعلیمی کمیشن (HEC)		66,025	66,025
38۔	قومی رحمت اللعالمین اتھارٹی		140	140
39۔	قومی پیشہ وارانہ وتکنیکی تربیتی کمیشن (NAVTTC)		469	469
40۔	شعبۂ قومی ورثہ وثقافت		2,438	2,438
41۔	شعبۂ خزانہ		2,610	2,610

جدول - I

مطالبہ وار اخراجات برائے میزانیہ تخمینہ جات 2022-2023

(روپے ملین میں)

مطالبہ نمبر	وزارتیں/شعبے	میزانیائی تخمینے 2022-2023 غیر تصویبی	تصویبی	کل
42۔	شعبۂ خزانہ کے دیگر اخراجات		5,468	5,468
43۔	کنٹرولر جنرل آف اکاؤنٹس		9,497	9,497
44۔	الاؤنسز کہن سالی و پنشن	*3,458*	605,542	609,000
45۔	گرانٹس، اعانتیں اور متفرق اخراجات	*22,000*	1,057,430	1,079,430
46۔	ریونیو ڈویژن		57	57
47۔	فیڈرل بورڈ آف ریونیو		34,398	34,398
48۔	شعبۂ امورِ خارجہ		2,284	2,284
49۔	فارن مشنز	*50*	25,007	25,057
50۔	ہاؤسنگ اینڈ ورکس ڈویژن		5,916	5,916
51۔	شعبۂ انسانی حقوق		1,658	1,658
52۔	شعبۂ صنعت و پیداوار		33,631	33,631
53۔	فنانشل ایکشن ٹاسک فورس (FATF) سیکرٹریٹ		80	80
54۔	شعبۂ اطلاعات ونشریات		2,822	2,822
55۔	شعبۂ اطلاعات ونشریات کے متفرق اخراجات		6,674	6,674
56۔	شعبۂ انفارمیشن ٹیکنالوجی اور ٹیلی مواصلات		8,048	8,048
57۔	شعبۂ داخلہ		12,041	12,041
58۔	شعبۂ داخلہ کے دیگر اخراجات		6,614	6,614
59۔	دارالحکومت اسلام آباد(ICT)		13,979	13,979
60۔	کمبائنڈ سول آرمڈ فورسز		162,670	162,670

جدول - I

مطالبہ وار اخراجات برائے میزانیہ تخمینہ جات 2022-2023

(روپے ملین میں)

مطالبہ نمبر	وزارتیں/شعبے	میزانیائی تخمینے 2022-2023 غیر تصویبی	تصویبی	کل
61۔	قومی اتھارٹی برائے انسداد دہشت گردی		269	269
62۔	شعبۂ بین الصوبائی رابطہ		2,099	2,099
63۔	شعبۂ امور کشمیر و گلگت بلتستان		1,142	1,142
64۔	شعبۂ قانون و انصاف	*312*	5,774	6,087
65۔	فیڈرل جوڈیشل اکیڈمی		221	221
66۔	فیڈرل شریعت کورٹ		521	521
67۔	اسلامی نظریاتی کونسل		196	196
68۔	قومی احتساب بیورو		5,233	5,233
69۔	ضلعی نظام عدل ، دارالحکومت اسلام آباد		774	774
70۔	شعبۂ ساحلی امور		1,178	1,178
71۔	شعبۂ انسداد منشیات		3,635	3,635
72۔	قومی اسمبلی	*2,708*	3,453	6,161
73۔	سینیٹ	*2,349*	1,397	3,746
74۔	شعبۂ قومی تحفظِ خوراک و تحقیق		9,303	9,303
75۔	پاکستان زرعی تحقیقاتی کونسل		5,738	5,738
76۔	نیشنل ہیلتھ سروسز ، ریگولیشنز اینڈ کوآرڈینیشن ڈویژن		19,304	19,304
77۔	شعبۂ اوورسیز پاکستانیز اور ترقی انسانی وسائل		1,880	1,880
78۔	شعبۂ پارلیمانی امور		482	482
79۔	شعبۂ منصوبہ بندی، ترقی وخصوصی اصلاحات		6,159	6,159

جدول - I

مطالبہ وار اخراجات برائے میزانیہ تخمینہ جات 2022-2023

(روپے ملین میں)

مطالبہ نمبر	وزارتیں/شعبے	میزانیائی تخمینے 2022-2023 غیر تصویبی	تصویبی	کل
80۔	سی پیک اتھارٹی		131	131
81۔	شعبہ تخفیف غربت و سماجی تحفظ		2,202	2,202
82۔	بینظیر انکم سپورٹ پروگرام (BISP)		364,078	364,078
83۔	پاکستان بیت المال		6,040	6,040
84۔	شعبۂ نج کاری		237	237
85۔	شعبۂ ریلویز		45,315	45,315
86-	شعبۂ مذہبی امور و بین المذاہب ہم آہنگی		1,285	1,285
87-	سائنس اینڈ ٹیکنالوجی ڈویژن		11,612	11,612
88-	شعبۂ ریاستیں و سرحدی علاقہ جات		787	787
89-	شعبۂ آبی وسائل		2,064	2,064
90-	وفاقی متفرق سرمایہ کاری اور دیگر قرضے اور ایڈوانسز		101,101	101,101
91-	شعبۂ ہوا بازی کے ترقیاتی اخراجات		2,485	2,485
92-	شعبۂ کابینہ کے ترقیاتی اخراجات		71,366	71,366
93-	اسٹیبلشمنٹ ڈویژن کے ترقیاتی اخراجات		425	425
94-	سپارکو کے ترقیاتی اخراجات		7,395	7,395
95-	شعبۂ موسمیاتی تبدیلی کے ترقیاتی اخراجات		9,600	9,600
96-	شعبۂ تجارت کے ترقیاتی اخراجات		1,174	1,174
97-	شعبۂ مواصلات کے ترقیاتی اخراجات		9,250	9,250
98-	شعبۂ دفاع کے ترقیاتی اخراجات		2,232	2,232

جدول - I

مطالبہ وار اخراجات برائے میزانیہ تخمینہ جات 2022-2023

(روپے ملین میں)

مطالبہ نمبر	وزارتیں/شعبے	میزانیائی تخمینے 2022-2023 غیر تصویبی	تصویبی	کل
99-	سروے آف پاکستان کے ترقیاتی اخراجات		500	500
100-	شعبۂ دفاعی پیداوار کے ترقیاتی اخراجات		2,200	2,200
101-	شعبۂ بجلی کے ترقیاتی اخراجات		7,953	7,953
102-	شعبۂ وفاقی تعلیم و پیشہ ورانہ تربیت کے ترقیاتی اخراجات		3,140	3,140
103-	اعلیٰ تعلیمی کمیشن (HEC) کے ترقیاتی اخراجات		44,179	44,179
104-	قومی پیشہ ورانہ، تکنیکی تربیتی کمیشن (NAVTTC) کے ترقیاتی اخراجات		4,100	4,100
105-	شعبۂ قومی ورثہ و ثقافت کے ترقیاتی اخراجات		550	550
106-	شعبۂ خزانہ کے ترقیاتی اخراجات		1,650	1,650
107	دیگر ترقیاتی اخراجات		134,806	134,806
108-	ریونیو ڈویژن کے ترقیاتی اخراجات		3,189	3,189
109-	شعبۂ انسانی حقوق کے ترقیاتی اخراجات		185	185
110-	شعبۂ اطلاعات ونشریات کے ترقیاتی اخراجات		1,333	1,333
111-	شعبۂ انفارمیشن ٹیکنالوجی و ٹیلی مواصلات		6,331	6,331
112-	شعبۂ داخلہ کے ترقیاتی اخراجات		9,093	9,093
113	شعبہ بین الصوبائی رابطہ کے ترقیاتی اخراجات		3,472	3,472
114-	شعبۂ قانون و انصاف کے ترقیاتی اخراجات		1,814	1,814
115-	شعبۂ انسداد و منشیات کے ترقیاتی اخراجات		208	208
116-	شعبۂ قومی تحفظ خوراک و تحقیق کے ترقیاتی اخراجات		10,129	10,129

جدول - I

مطالبہ وار اخراجات برائے میزانیہ تخمینہ جات 2022-2023

(روپے ملین میں)

مطالبہ نمبر	وزارتیں/شعبے	غیر تصویبی	تصویبی	کل
		میزانیائی تخمینے 2022-2023		
117-	نیشنل ہیلتھ سروسز، ریگولیشنز اینڈ کوآرڈینیشن ڈویژن کے ترقیاتی اخراجات		12,651	12,651
118-	شعبۂ منصوبہ بندی، ترقی وخصوصی اصلاحات کے ترقیاتی اخراجات		41,677	41,677
119	شعبۂ تخفیف غربت کے ترقیاتی اخراجات		500	500
120-	سائنس اینڈ ٹیکنالوجی ڈویژن کے ترقیاتی اخراجات		5,716	5,716
121-	شعبۂ آبی وسائل کے ترقیاتی اخراجات		91,878	91,878
122-	ایٹمی توانائی کی ترقی پر مصارف سرمایہ		25,991	25,991
123-	پاکستان نیوکلیئر ریگولیٹری اتھارٹی کی ترقی پر مصارف سرمایہ		290	290
124-	شعبۂ پٹرولیم پر مصارف سرمایہ		1,481	1,481
125-	وفاقی سرمایہ کاری پر مصارف سرمایہ		205	205
126-	وفاقی حکومت کی جانب سے ترقیاتی قرضے اور ایڈوانسز		104,103	104,103
127-	وفاقی حکومت کی جانب سے بیرونی ترقیاتی قرضے اور ایڈوانسز	296,877	49,717	346,594
128-	سول ورکس پر مصارف سرمایہ		15,060	15,060
129-	صنعتی ترقی پر مصارف سرمایہ		2,850	2,850
130-	شعبۂ ساحلی امور پر مصارف سرمایہ		3,465	3,465
131-	شعبۂ ریلویز پر مصارف سرمایہ		32,648	32,648
__	صدر کا عملہ خانہ داری اور الاؤنسز (پبلک)	*411*		411
__	صدر کا عملہ خانہ داری اور الاؤنسز (پرسنل)	*645*		645

جدول - I

مطالبہ وار اخراجات برائے میزانیہ تخمینہ جات 2022-2023

(روپے ملین میں)

مطالبہ نمبر	وزارتیں/شعبے	میزانیائی تخمینے 2022-2023 غیر تصویبی	تصویبی	کل
__	غیرملکی قرضہ جات کے مصارف	*510,972*		510,972
__	غیرملکی قرضہ جات کی باز ادائیگی	*3,792,401*		3,792,401
__	قلیل المیعاد بیرونی قرضوں کی باز ادائیگی	*142,772*		142,772
__	آڈٹ	*6,096*		6,096
__	ملکی قرضہ جات کے مصارف	*3,439,090*		3,439,090
__	ملکی قرضہ جات کی بازادائیگی	*19,654,368*		19,654,368
__	سپریم کورٹ	*3,091*		3,091
__	اسلام آباد ہائی کورٹ	*1,122*		1,122
__	الیکشن	*6,289*		6,289
__	کام کرنے کی جگہ پر خواتین کو ہراساں کئے جانے کے خلاف تحفظ کے لیے وفاقی محتسب سیکرٹریٹ	*100*		100
__	وفاقی محتسب	*943*		943
__	وفاقی ٹیکس محتسب	*306*		306
	کل	***27,886,369***	**5,536,119**	**33,422,488**

مقاصدی زمرہ بندی کے لحاظ سے اخراجات

(روپے ملین میں)

موضوعی رمز بندی		تفصیل	میزانیہ تخمینہ جات 2021-22	نظرثانی شدہ تخمینہ جات 2021-22	میزانیہ تخمینہ جات 2022-23
A01		**ملازمین سے متعلقہ کل اخراجات**	**785,244**	**879,735**	**954,057**
A011		**تنخواہ**	**142,480**	**143,732**	**147,526**
	A011-1	افسروں کی تنخواہ	48,628	47,942	50,721
	A011-2	دیگر عملہ کی تنخواہ	93,851	95,790	96,805
A012		**الاؤنسز**	**642,765**	**736,004**	**806,532**
	A012-1	ریگولر الاؤنسز	622,361	714,795	783,694
	A012-2	دیگر الاؤنسز (علاوہ TA)	20,404	21,209	22,838
A02		**پراجیکٹ قبل از سرمایہ کاری تجزیہ**	**2,838**	**1,441**	**3,935**
A03		**عملی اخراجات**	**876,486**	**909,101**	**971,094**
A04		**ملازمین کی ریٹائرمنٹ کے مفادات**	**486,520**	**546,779**	**617,278**
A05		**گرانٹس ، اعانتیں اور معاف کردہ قرضے**	**2,238,126**	**2,513,644**	**2,056,072**
A06		**منتقلیاں**	**17,039**	**119,952**	**11,910**
A07		**سود کی ادائیگی**	**3,059,701**	**3,143,586**	**3,950,072**
A08		**قرضے اور ایڈوانسز**	**518,828**	**436,285**	**511,583**
A09		**مادی اثاثے**	**430,706**	**420,637**	**451,423**
A10		**قرضوں کے اصل زر کی واپسی**	**23,119,418**	**22,263,829**	**23,589,550**
A11		**سرمایہ کاری**	**64,853**	**21,616**	**81,498**
A12		**تعمیرات عامہ**	**273,092**	**282,595**	**213,360**
A13		**مرمت و بحالی**	**6,805**	**7,189**	**10,656**
		کل اخراجات	**31,879,655**	**31,546,390**	**33,422,488**

اتفاقی ذمہ داریوں کا گوشوارہ

1- پاکستان کی اتفاقی ذمہ داریاں بنیادی طور پر سرکاری شعبے کی انٹر پرائزز (PSEs) کے حوالے سے جاری کردہ ضمانتیں ہوتی ہیں۔موثر ضمانت عام طور پر حکومتی اداروں کی طرف سے کئے جانے والے ایسے منصوبوں اور سرگرمیوں کی مالی صلاحیت کو بہتر بنانے کیلئے دی جاتی ہیں جن کے معاشرے اور معیشت پر مفید اثرات واقع ہوں۔ یہ سرکاری شعبہ کی کمپنیوں کو کم لاگت یا زیادہ سازگار شرائط پر قرضہ لینے اور چند صورتوں میں تقاضا جات کو پورا کرنے کا موقع فراہم کرتی ہیں جہاں موثر ضمانت دوطرفہ / کثیر طرفہ ایجنسیوں یا ذیلی خودمختار اداروں سے قرضہ حاصل کرنے کیلئے ایک پیشگی شرط ہوتی ہیں۔

2- کسی مالی سال کے دوران جاری شدہ نئی حکومتی ضمانتوں کا حجم مالیاتی ذمہ داری اور قرض کی تحدید کے ایکٹ2005ء(وقتاً فوقتاً ترمیم شدہ) کے تحت محدود ہوتا ہے۔ مذکورہ ایکٹ میں قرار دیا گیا ہے کہ حکومت کسی مالی سال میں جی ڈی پی کے دو فیصد سے متجاوز رقم کے برابر ضمانتیں دے گی۔بشمول ان ضمانتوں کے جو روپیہ ادھارے دینے، منافع کی شرح، خریداری کے فوری معاہدات اور دیگر دعویٰ جات اور ذمہ داریوں کے لیے ہوں مگر شرط یہ ہے کہ نافذ العمل گارنٹیوں کی تجدید کو کسی نئی گارنٹی کا اجراء سمجھا جائے گا۔

3- جولائی تا مارچ مالی سال 2022 کے دوران حکومت نے تازہ رول اوور ضمانتیں/ مراسلہ یقین دہانی (LoCs) کا اجراء کیا جس کی کل مالیت 344 ارب روپے یا جی ڈی پی کا 0.5فیصد ہے۔تعمیل کردہ کل ضمانتیں 3,039 ارب روپے تھیں جبکہ مارچ 2022 کے اختتام پر واجب الادائیگی سٹاک درج ذیل تفصیلات کے مطابق 2,700 ارب روپے تھا:

ٹیبل-1: واجب الادا حکومتی ضمانتوں کا اختصار (تمام اعداد وشمار ارب روپے میں ہیں تاوقتیکہ دوسری صورت میں بیان نہ کر دیا جائے)		
	بقایا ضمانتیں	کل ضمانتیں
ملکی	1,587	1,778
بیرونی	1,113	1,262
کل	**2,700**	**3,039**
میمو:		

بیرونی (ملین امریکی ڈالر)	**6,066**	**6,876**
شرح مبادلہ (پاکستانی روپے/امریکی ڈالر)	183	183

4- مذکورہ بالا ضمانتوں کا شعبہ وار بلحاظ مد اور انٹرسٹ کے لحاظ سے مارچ 2022 کے اختتام پر ضمانتوں کا حصہ درج ذیل ہے:

ٹیبل-2 شعبہ وار حکومتی واجب الادائیگی ضمانتیں		
	(روپے ارب میں)	**فیصد**
سیکٹر وار بریک اپ		
کل بقایا سٹاک	**2,700**	**100 فیصد**
بجلی کا شعبہ	2,103	78 فیصد
ہوا بازی	230	9 فیصد
مال کی تیاری اور کان کنی	111	4 فیصد
مالیاتی	91	3 فیصد
تیل اور گیس	45	2 فیصد
دیگر	120	4 فیصد

بلحاظ ادارہ مد تفصیل

کل واجب ادائیگی سٹاک	**2,700**	**100%**
پی ایچ ایل	860	32%
پی اے ای سی	941	35%
پی آئی اے سی ایل	230	9%
سندھ اینگرو	74	3%
این ٹی ڈی سی	55	2%
دیگر	540	20%

شرح سود کی قسم

کل بقایا سٹاک	**2,700**	**100%**
سیال شرح	1,673	62%
مقررہ شرح	1,026	38%

نوٹ: ضمانت شدہ قرض سٹاک کے بڑے حصے کی اصل مدت پختگی 5 سال اور زائد تھی۔

5- اجناس کے عوض جاری کی جانے والی گارنٹیاں جی ڈی پی کے دو فیصد کی مقرر کردہ حد میں شامل نہیں ہوتیں کیونکہ قرضے پیچھے پڑی ہوئی چیز کے اوپر حاصل کئے جاتے ہیں اور لازمی طور پر از خود قابل تصفیہ ہوتی ہیں۔ لہٰذا یہ ضمانتیں ٹی سی پی، پاسکو اور صوبائی حکومتوں کی جانب سے اٹھائے گئے اشیائی مالیات کاری کے آپریشنز کے عوض جاری کی گئی ہیں۔ مارچ 2022ء کے آخر میں کماڈٹی آپریشنز کا واجب الادا اسٹاک 845 ارب روپے تھا۔

6- اپریل 2022ء تا جون 2023ء تک جاری ہونے والی ضمانتوں کے تخمینہ جات درج ذیل ہیں:

ٹیبل۔ 3 تخمینہ شدہ ضمانتوں کا اجراء اور پوزیشن (Q4 مالی سال 2022 اور مالی سال 2023)

(روپے ارب میں)

A	**ابتدائی ضمانت شدہ سٹاک کی صورتحال (31-3-2022)**	**3,039**
B	**نئی ضمانتیں جو جاری کی جائیں گی (مالی سال 22 اور مالی سال 23)**	**664**
	پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ (PPP)	124
	نیشنل ٹرانسمیشن و ڈسپیچ کمپنی (NTDC)	40
	جامشورو	10
	پاکستان انٹرنیشنل ایئرلائن (PIA)	20
	واپڈا	84
	ایگزم بنک	5
	SSGC	15
	متفرق اتفاقی	25
	دیگر	**210**
	کامیاب پاکستان پروگرام (KPP)	70

	کامیاب جوان (VES) اور دیگر SBP سکیمیں	57
	پاک مارگیج ریفنانس سکیم	30
	دیگر	185
C	**موجودہ ضمانت شدہ قرضوں پر تخمینہ شدہ باز ادائیگیاں**	**244**
D=B-C	**ضمانتوں کا خالص اجراء (اپریل 2022 تا جون 2023)**	**420**
A+D	**تخمینہ شدہ اختتامی ضمانت شدہ قرضہ کی تفصیل (30 جون 2023)**	**3,459**

نوٹ:

(i) مذکورہ بالا معلومات میں PSEs کو موجودہ مختص کردہ حدود پر رول اوور / مکرر مالیات کاری شامل نہیں۔

(ii) بیرونی ضمانتیں پاکستانی روپے میں 183 فی امریکی ڈالر کی شرح مبادلہ کے حساب سے جیسا کہ مارچ 2022 کے اختتام پر تھیں قابل عمل ہیں، بدل دی گئی ہیں۔ لہٰذا بیرونی ضمانتوں کی تشخیص مستقبل میں شرح مبادلہ پر منحصر ہوگی۔

(iii) ضمانتوں کا بڑا حصہ انفراسٹرکچر اور پاور پراجیکٹس کے لیے ہے۔

حامد یعقوب شیخ

سیکرٹری حکومت پاکستان

فنانس ڈویژن

اسلام آباد 10 جون 2022ء

مالیاتی رسک کا بیان

مالیاتی رسک کا بیان حکومت کے ان اہم خطرات کے جائزے کا خاکہ پیش کرتا ہے جو درمیانی مدت کے مالیاتی فریم ورک میں بیان اہداف کو متاثر کر سکتے ہیں۔ مالی خطرات ایسے عوامل ہیں جو مالیاتی نتائج کے تخمینہ جات سے مختلف ہونے کا سبب بن سکتے ہیں۔محاصل، اخراجات، اثاثے، اور واجبات غیر متوقع واقعات سے متاثر ہو سکتے ہیں جن کا بجٹ کے تخمینوں پر اثر واقع ہو سکتا ہے۔ اضافی حکومتی ذمہ داریاں، زیادہ سرکاری قرضے، مکرر مالیات کاری کی مشکلات، یا زیادہ اہم فسکل ایونٹس بھی جنم لے سکتے ہیں اگر ان میں سے کوئی ایک یا تمام خطرات حقیقت کا روپ دھار لیں۔مزید برآں، مالیاتی کھاتے بین الاقوامی معاشی حالات جیسے اشیاء کی قیمتوں اور شرح مبادلہ میں ہونے والی تبدیلیوں کی وجہ سے بھی متاثر ہو سکتے ہیں۔

کلیدی مالیاتی خطرات

میکرو اکنامک متغیرات کو لاحق مختلف جھٹکے، محاصل اور اخراجاتی خطرات، اور ریاستی ملکیت والے انٹرپرائزز (SOEs) سے در آنے والی ہنگامی ذمہ داریاں مالی خطرے کے بنیادی ذرائع ہیں۔ لہٰذا، مالیاتی خطرات کی شناخت، تجزیہ اور ان کو دور کرنے کے اقدامات کرنا ضروری ہے کیونکہ ان کا سرکاری قرضوں کو پائیدار سطح پر رکھنے اور مالیاتی حالات پر نمایاں اثر پڑتا ہے۔

1- معاشی خطرات

بیرونی اور اندرونی دونوں طرف سے نمایاں چیلنجز کے باوجود، معیشت بلند ترقی کی رفتار پر گامزن ہے اور اس نے 4.8 فیصد کے ہدف کے مقابلے میں 5.97 فیصد کی نمو ریکارڈ کی ہے۔توقع ہے کہ قیمت میں استحکام کے ساتھ درمیانی مدت میں شرح نمو 5 تا 6.2 فیصد رہے گی۔ تاہم، متعدد بیرونی اور داخلی عوامل ہیں جو آئندہ کے اقتصادی منظرنامے کے لیے منفی خطرات پیدا کر رہے ہیں۔

- روس اور یوکرین کے درمیان تنازعہ پاکستان کے مثبت اقتصادی منظرنامے کے لیے ایک بڑا خطرہ ہے۔ ایک طویل تنازعہ تیل اور خوراک کی بین الاقوامی قیمتوں میں مزید اضافہ کر سکتا ہے۔ ایسی صورت حال سپلائی میں اضافی رکاوٹوں کے ذریعے عالمی تجارت کو روک سکتی ہے جس سے ہماری درآمدات، برآمدات اور درآمدات پر ٹیکس متاثر ہو سکتے ہیں ۔ جبکہ اس صورتحال سے افراط زر کا اضافی دباؤ بھی آ سکتا ہے۔
- عالمی مالیاتی حالات بے حد رفتار سے خراب ہونے سے طلب کے دباؤ میں کمی واقع ہو گی۔
- ملکی غیر یقینی صورتحال اگر کوئی ہو میکرو اکنامک عدم توازن کا باعث بن سکتی ہے۔

- مالیاتی سختی اور فسکل استحکام کے اقدامات سے اشیاء کی مانگ میں کمی کی بنا پر آئندہ سال اقتصادی ترقی سست پڑ سکتی ہے۔
- شرح مبادلہ میں کمی کا فوری اثر پڑتا ہے اور یہ اثر اس وقت خاص طور پر شدید ہوسکتا ہے جب قرض کا بڑا حصہ غیر ملکی کرنسی پر مبنی ہو۔

2- عالمی معاشی حالات

پاکستان خوراک اور تیل کا خالص درآمد کنندہ ہے۔ بین الاقوامی اجناس اور تیل کی قیمتیں مسلسل بلند ہیں، جس سے پاکستان کے مالیاتی کھاتے پر خاصا دباؤ پڑتا ہے۔ اگرچہ ٹیکس ریلیف اور سبسڈیز کے ذریعے عوام کو قیمتوں میں اضافے کے اثرات سے بچانے کے لیے اقدامات کیے گئے، تاہم، اس سے مالیاتی گراوٹ کے خطرے میں نمایاں اضافہ ہوا۔ ایسے عالمی معاشی حالات میں اس طرح کی پالیسیوں کا تسلسل ملک کیلیے بھاری مالیاتی نقصان کا سبب بنے گا۔ سب سے اہم بات یہ ہے کہ پاکستان میں مالیاتی موقف اجناس کی قیمتوں، خاص طور پر تیل کی قیمتوں کے حوالے سے زد میں ہے، جو حالیہ برسوں میں غیر یقینی کی کیفیت سے دوچار ہیں۔ تیل کی قیمتوں میں اتار چڑھاؤ فسکل پوزیشن کو PDL کی وجہ ان کے محاصل پر اثرات اور اخراجات کے ضمن میں فیول سبسڈی کے ذریعے متاثر کرتا ہے۔ نتیجے کے طور پر، یہ صورتحال شدید معاشی عدم توازن کا سبب بنتی ہے۔ ایسے حالات سے نمٹنے کے لیے، مالیاتی بفرز کی ضرورت و اہمیت بہت زیادہ بڑھ جاتی ہے۔

3- حکومتی محصولات میں اضافہ

کم ٹیکس محصولات زیادہ بجٹ خسارے اور قرضے لینے کا باعث بنتے ہیں اور ترقیاتی اور سماجی شعبوں سے متعلق اخراجات کے لیے مالی گنجائش کو کم کرتے ہیں۔ چونکہ موجودہ اخراجات کم لچکدار اور کم کرنا مشکل ہیں، لہٰذا، ٹیکس ریونیو میں کمی ترقیاتی اخراجات کے لیے کم گنجائش کا باعث بنتی ہے۔

ایف بی آر جو ریونیو کی خاطر خواہ رقم اکٹھی کرتا ہے زیادہ تر بالواسطہ ٹیکسوں پر انحصار کرتا ہے جو کہ ایف بی آر کی کل ٹیکس وصولیوں کے 60 فیصد سے زیادہ ہیں۔ اگرچہ، اس وقت ٹیکس کی وصولی 28 فیصد سے زیادہ بڑھ رہی ہے، تاہم، بڑھی ہوئی وصولی کا زیادہ تر انحصار درآمدی ٹیکسوں پر ہے۔ اس وقت کل ٹیکس کی وصولی کا 46 فیصد سے زیادہ درآمدات سے آرہا ہے۔ لہٰذا، بیرونی کھاتوں کے دباؤ کو کم کرنے کے لیے درآمدات کو کم کرنے کے اقدامات ایف بی آر کی ٹیکس وصولی کو متاثر کریں گے۔ اس صورتحال کے پیش نظر مؤثر اور مناسب پالیسی اور انتظامی اقدامات کے ذریعے ملکی ٹیکس وصولی میں اضافہ کرنا بہت ضروری ہے۔

4- زیادہ اخراجات

زیادہ سبسڈ یز اور گرانٹس مناسب مالی گنجائش کی عدم موجودگی میں مالیاتی استحکام کے لیے نقصان دہ ہوں گی۔ توانائی اور خوراک کی قیمتوں میں اضافہ بجٹ پر اضافی دباؤ ڈالے گا۔ حکومت نے ملک میں اشیا کی قیمتوں میں اضافے کو محدود کرنے کے لیے اقدامات اٹھائے ہیں جن میں ٹیکسوں میں کمی اور سبسڈی بھی شامل ہے۔ تاہم، اس طرح کے اقدامات کے غیرارادی نتائج ہو سکتے ہیں، جیسے اخراجات میں اضافہ، محاصل کی وصولی میں کمی اور مجموعی طلب میں اضافہ۔

5- توانائی کے شعبے سے متعلق نقصانات

پاور سیکٹر میں ہونے والے نقصانات کی بنیادی وجوہات میں بجلی کی زیادہ پیداواری لاگت، ترسیل اور تقسیم کے اوسط سے زیادہ نقصانات، اور بجلی کے بلوں کی اوسط سے کم وصولیاں ہیں۔ اس وقت پاور سیکٹر حکومتی سبسڈ یز کا سب سے زیادہ حصہ لے جاتا ہے۔

تیل، گیس اور کوئلے سمیت ایندھن کی درآمدات پاکستان کے درآمدی بل کا بڑا حصہ ہیں۔ ان ایندھن کی قیمتیں مختلف اشیا اور خدمات کی قیمتوں کو متاثر کرتی ہیں کیونکہ یہ ایندھن پیداواری عمل کا نا حصہ بنتے ہیں۔ ان فیولز کی قیمتوں میں اتار چڑھاؤ افراط زر کی شرح میں اتار چڑھاؤ کی بڑی وجہ ہے، جس کے باعث شرح سود اور شرح مبادلہ میں اتار چڑھاؤ آتا ہے۔

درآمدی ایندھن کی قیمت میں اضافہ، خواہ وہ بین الاقوامی منڈیوں میں ایندھن کی بڑھتی ہوئی قیمتوں یا شرح مبادلہ میں کمی کی وجہ سے ہو، یا دونوں وجوہات ہوں، اس کا وسیع تر معیشت پر ممکنہ برے اثرات زیادہ کرنٹ اکاؤنٹ خسارے، زیادہ افراط زر، بلند شرح سود، کم جی ڈی پی نمو، محاصل میں کم اضافے، انٹرسٹ کی زیادہ لاگت، زیادہ مالیاتی خسارے، اور سرکاری قرضوں کی بلند سطح کی صورت میں ظاہر ہوتے ہیں۔ فی الحال، درآمدی ایندھن کی قیمتوں میں منفی جھٹکوں سے نمٹنے کے لیے بہت کم یا کوئی فسکل بفر یا رسک مینجمنٹ فریم ورک موجود نہیں ہے۔

6- صوبائی بجٹ سرپلس

وسط مدت کے مالیاتی فریم ورک میں صوبوں کی طرف سے سخت مالیاتی نظم و ضبط درکار ہوتا ہے کیونکہ ان کے سرپلس ملک کے مجموعی مالیاتی خسارے کو کم کرنے میں ایک اہم جزو کی حیثیت رکھتے ہیں جس کے ذریعے بڑے وفاقی خسارے وسط مدت میں نمایاں صوبائی سرپلس سے جزوی طور پر پورے ہو جاتے ہیں۔

صوبوں کی طرف سے قانونی طور پر لازم مالی ذمہ داریوں کی عدم موجودگی میں، یہ خطرہ زیادہ رہتا ہے کہ تخمینہ پر مبنی صوبائی بجٹ سرپلس حقیقت کا روپ نہیں دھارتے۔ یہ خطرہ خاص طور پر اس وقت اس وجہ سے بڑھ جاتا ہے کہ ایف بی آر کی متوقع

وصولیوں میں کوئی کمی صوبوں کو بجٹ سرپلس کے اہداف پورا نہ کرنے کا جواز فراہم کرسکتی ہے۔

7- ریاست کی زیرملکیت ادارے (SOEs)

وقت کے ساتھ ساتھ SOEs کی تعداد اور مجموعی حجم میں کافی اضافہ ہوا ہے۔ بہت سے SOEs مالی فرائض سرانجام دیتے ہیں۔بعض SOEs کو ماضی میں بہت زیادہ نقصان اٹھانا پڑا۔نقصانات یا ضرورت سے زیادہ قرضوں کی وجہ سے حکومت کو بھاری بیل آؤٹ دینے کی ضرورت پڑتی ہے۔حکومت متعدد SOEs کو سبسڈیز، گرانٹس، قرضوں اور ضمانتوں کی شکل میں مالی مدد فراہم کرتی ہے۔ خسارے میں چلنے والے SOEs کو چلانے کی مالی لاگت کافی زیادہ رہی ہے اور اس نے حکومت کی پہلے سے کمزور مالی حالت کو مزید خراب کیا ہے۔خراب کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے SOEs کو قرضے دے کر یا ضمانتیں جاری کرنے کے ذریعے سہارا دینے کے عمل سے مالیاتی صورتحال کو بگاڑا ہے۔ماضی میں نجکاری کا عمل بھی سست رہا ہے۔

SOEs کی ملکیت، ان کے مقاصد، اور حکمرانی کے اصولوں سے متعلق واضح پالیسی کا فقدان ہے۔ یہ صورتحال ماضی میں SOE اصلاحات کے حوالے سے عدم فیصلہ کا باعث بنی ہے۔ SOE اصلاحات کی ضرورت کومحسوس کرتے ہوئے، حکومت SOEs کے لیے ایک مضبوط گورننس اور کارکردگی کے انتظام کا فریم ورک فراہم کرنے کے لیے پرعزم ہے۔

ریاستی ملکیت کے اداروں (SOEs) کی نجکاری، ملکیت، مقاصد اور مالیات کاری کے طریقوں اور حکمرانی کے اصولوں سے متعلق پالیسی پر دوبارہ غوروفکر کی ضرورت ہے۔ ان ضرورتوں کومحسوس کرتے ہوئے حکومت SOEs کے لیے حکمت عملی پر مبنی رہنمائی، مستحکم حکمرانی اور کارکردگی کی مینجمنٹ کا فریم ورک فراہم کرنے کے بارے میں پرعزم ہے۔

حاصلِ بحث

پاکستان کومختلف قسم کے مالیاتی خطرات درپیش ہیں، اور ان خطرات کے ممکنہ منفی اثرات پر قابو پانے یا ازالہ کرنے کے لیے بہت زیادہ کاوشوں کی ضرورت ہے۔ امید افزا بات یہ ہے کہ ملک نے پہلے ہی بعض شعبوں میں کافی پیشرفت دکھائی ہے، اور باقی رہ جانے والے خطرات سے نمٹنے کے لیے متعدد حکمت عملیاں دستیاب ہیں۔ رسک مینجمنٹ کی حکمت عملی کیلئے بہت سی پبلک فنانشل مینجمنٹ (PFM) اصلاحات درکار ہیں جو بجٹ سائیکل کے تمام مراحل میں نظم و ضبط، شفافیت اور اعتماد کا باعث بنیں اور دو جہتی طریقہ کار کی پیروی پرمبنی ہوں، یعنی

- خطرات کوعملی شکل اختیار کرنے سے روکیں یا ان خطرات کے درآنے کی صورت میں ان کی شدت کوکم کریں، اور
- خطرے جومندرجہ بالا اقدام کے باوجود برقرار ہوں ان کیلئے بفر کی تشکیل کرنا۔

بیان تخمینہ شدہ ٹیکس اخراجات

پبلک فنانس مینجمنٹ ایکٹ 2019ء کی دفعہ 8 میں قرار دیا گیا ہے کہ وفاقی حکومت، ہر مالی سال کی نسبت مالیاتی بل آئین کے آرٹیکل 73 کی مطابقت میں قومی اسمبلی میں پیش کرے گی، جس میں وفاقی حکومت کا تخمینہ شدہ ٹیکس اخراجات کا گوشوارہ شامل ہو۔

2- ٹیکس اخراجات گوشوارہ مالی سال 2022ء میں ٹیکس اخراجات کی تفصیل پر مبنی ہے جس میں 1014.483 ارب روپے کے سیلز ٹیکس میں ٹیکس اخراجات، 399.662 ارب روپے انکم ٹیکس میں ٹیکس اخراجات اور 342.890 ارب کسٹم ڈیوٹی میں ٹیکس اخراجات شامل ہیں جو کل تخمینہ شدہ ٹیکس اخراجات 1757.035 ارب روپے بنتے ہیں پارلیمنٹ میں پیش کیا جا رہا ہے۔

عاصم احمد

چیئرمین ایف بی آر

مورخہ: 10-06-2022

وسط مدتی میزانیاتی گوشوارہ

2022-23ء تا 2024-25

حکومت مالیاتی ذمہ داری اور قرض کی تحدید کے ایکٹ، 2005ء کی دفعہ 5 کے تحت وسط مدتی میزانیاتی گوشوارہ قومی اسمبلی کے سامنے پیش کر رہی ہے۔ یہ وسط مدتی میزانیاتی گوشوارہ ملک کے مجموعی کلی معاشیاتی فریم ورک کے مطابق ہے۔

2- 2021-22ء کا سال تھا جس میں معیشت کے مختلف شعبوں کو مالی ترغیبات دینے کی وجہ سے معاشی بحالی ہوئی۔ پاکستان کی معیشت نے عالمگیر وبائی بیماری کوویڈ-19 کے بعد بحالی کا مظاہرہ کیا ہے۔ اس کٹھن چیلنج سے نمٹنے کیلئے بروقت اقدامات مفید ثابت ہو رہے تھے کہ جب دنیا کو یوکرین جنگ کی وجہ سے نئے معاشی چیلنجز کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ بین الاقوامی سطح پر اشیاء کی قیمتوں میں اضافہ اور روپے کی قدر میں کمی نے معیشت پر تباہ کن اثرات مرتب کئے ہیں۔حکومت کیلئے بڑا چیلنج غریبوں اور پسماندہ طبقات کیلئے ریلیف کے اقدامات کرنا ہے۔

3- معاشرے کے کمزور طبقات کے تحفظ کے لیے حکومت بے نظیر کفالت اور BISP کے تحت بہت سے اقدامات پر عمل درآمد کے لیے پرعزم ہے۔جس کیلئے حکومت نے غیر مشروط کیش ٹرانسفر، فیول سبسڈی، وسیلہ تعلیم اور غذائیت پروگرام وغیرہ کے لیے خطیر رقم مختص کر رہی ہے۔ بیرونی محاذ پر متعدد پالیسی اقدامات کیے گئے ہیں جن میں دوطرفہ اور کثیر الجہتی انتظامات، IMF پروگرام کا تسلسل اور مضبوط زرمبادلہ کے ذخائر کے بل بوتے پر شرح مبادلہ میں استحکام، نیز برآمدی صنعت کی بحالی جیسے اقدامات شامل ہیں۔نتیجتاً، معاشی سرگرمیوں میں تیزی آئے گی اور پائیدار اقتصادی ترقی حاصل ہو گی۔

4- وسط مدت میں بہت سے اہم پالیسی اقدامات اٹھائے جائیں گے۔ ان پالیسی اقدامات میں سرکاری محاصل میں اضافہ کر کے بجٹ خسارہ گھٹانا شامل ہے، سٹیٹ بینک آف پاکستان سے بجٹ کی مالیات کاری کے لیے قرض نہ لینا، لچک دار شرح مبادلہ، سرکاری اداروں میں تنظیم نو کے لیے اصلاحات اور نجکاری، توانائی (بجلی اور گیس) کے شعبے میں اصلاحات، گردشی قرضے کا انتظام و انصرام، پانی کے انتظام کے لیے سرکاری سرمایہ کاری میں اضافہ، چین پاکستان معاشی راہداری کے تحت منصوبوں کا نفاذ، توانائی کی ترسیل اور تقسیم کے نظام میں بہتری، قومی ٹیرف

پالیسی کا نفاذ، خصوصی معاشی زونز وغیرہ کے منصوبوں کا نفاذ، وغیرہ شامل ہیں۔

5- مالی سال 23-2022 کے بجٹ کا سیاق وسباق اور حکمت عملی جامع نمو کے حصول، معاشرے کے کمزور طبقات کے لیے سماجی تحفظ میں وسعت اور آئی ایم ایف پروگرام کے کامیاب تسلسل پر منحصر ہے۔ مزید برآں، بڑے پیمانے پر ترقیاتی اخراجات کے نتیجے میں ملازمتوں کے مواقع پیدا کرنے کے ذریعے معاشی سرگرمیوں کو تقویت فراہم کرنا بھی حکومت کی پالیسی کا اہم محور ہے۔ وزیراعظم کی قیادت میں خصوصی اقدامات اور پروگراموں مثلاً وزیراعظم روزگار سکیم، مختلف طبقات کو رقم قرض دینے کی سکیمیں، جن میں کریڈٹ گارنٹی اور کاروباری خواتین، طلباء، نوجوانوں، ایس ایم ای کے لئے قرض سکیمیں اور خوراک و زراعت وغیرہ کیلئے قرض کی سکیمیں شامل ہیں۔

6۔ تاہم ایف بی آر کے محصولات کی وصولی میں ٹیکس نظام میں بہتری، ٹیکس بیس میں وسعت لانے، ٹیکس کی شرح میں بہتری اور انتظامی کنٹرولز کو جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے مستحکم کرنے سے، اضافہ ہوگا۔ دیگر اقدامات میں ٹیکسوں میں چھوٹ کا خاتمہ، رعایتی نظام میں ریشنالائزیشن، ٹیکسوں کے قواعد میں آسانی اور ٹیکسوں کی وصولی یقینی بنانا شامل ہیں۔ مزید برآں پرائمری بیلنس کو مستحکم سطح پر رکھتے ہوئے ریلیف اقدامات اور مالی خسارے کے درمیان توازن قائم کرکے بہتر مالی انتظام اور مالی نظم ونسق کو یقینی بنانا حکومتی اقدامات کا حصہ ہے۔

7- وسط مدت میں مستحکم معاشی نمو کیلئے وفاقی حکومت کے لیے اہم یہ ہے کہ وہ جامع حکمت عملیوں پر عمل کرتے ہوئے محاصل میں اضافہ کرے، ترقیاتی / سرمایہ جاتی اخراجات کے لیے گنجائش فراہم کرنے کیلئے رواں اخراجات مین معقولیت لائے، ملک کی معیشت کے اہم شعبوں کو معاونت فراہم کرنے اور کرنٹ اکاؤنٹ کے انصرام اور روپے پر دباؤ کم کرنے کے لیے غیر ملکی زرمبادلہ میں اضافہ کرنے پر بھرپور توجہ دے۔

کلی معاشیاتی فسکل فریم ورک

24-25	23-24	22-23	2021-22		
		تخمینہ جات	R.E	B.E	
6.2	5.8	5.0	5.97	5.0	اقتصادی ترقی ۔ %
7.4	8.6	11.5	11.7	8.2	مہنگائی ۔ %
9.8	9.7	9.6	9.0	10.7	ایف بی آر ٹیکس ۔ GDP %
-2.9	-4.0	-4.9	-7.1	-6.3	مجموعی خسارہ ۔ GDP %
1.8	0.9	0.2	-2.4	-0.7	مجموعی پرائمری بیلنس ۔ GDP %

حکومت پاکستان

فنانس ڈویژن

مالیاتی ذمہ داری اور قرض کی تحدید کے قانون، 2005ء کی دفعہ 10 (1) (اے) کے تحت بیان ذمہ داری

قرار دیا جاتا ہے کہ ایسے تمام پالیسی پر مبنی فیصلے جن کے معاشی یا مالیاتی اثرات ہیں اور جو وفاقی حکومت نے 10 جون 2022ء سے قبل کئے ہیں یعنی اس دن جب وسط مدتی میزانیاتی گوشوارے کے مندرجات کو حتمی صورت دی گئی اور تمام دیگر حالات جن کے معاشی یا مالیاتی اثرات کے بارے میں مذکورہ دن سے قبل میں آگاہ تھا سیکرٹری فنانس کو ان کے بارے میں مطلع کر دیا گیا ہے۔

یہ گوشوارہ میرے علم کے مطابق درج ذیل کا انتظام کرتا ہے۔

(الف) اکنامک پالیسی سٹیٹمنٹ میں موجود معلومات کی سالمیت

(ب) اکنامک پالیسی سٹیٹمنٹ میں موجود معلومات کی ایکٹ ہذا کے تقاضہ جات سے مطابقت اور

(ج) اکنامک پالیسی سٹیٹمنٹ سے ایکٹ ہذا کی دفعہ 8 کی ذیلی دفعہ (3) میں مذکور کسی فیصلے یا حالات کی فروگزاشت۔

(ڈاکٹر مفتاح اسماعیل)

وزیر برائے خزانہ و ریونیو

حکومت پاکستان

فنانس ڈویژن

مالیاتی ذمہ داری اور قرض کی تحدید کے قانون، 2005ء کی دفعہ 10 (1) (بی) کے تحت بیانِ ذمہ داری

قرار دیا جاتا ہے کہ فنانس ڈویژن نے وزیر برائے خزانہ و ریونیو کو 10 جون 2022ء سے قبل دستیاب معاشی اور فسکل (مالیاتی) معلومات کی بنیاد پر اپنی بہترین پیشہ ورانہ قوت فیصلہ کا استعمال کرتے ہوئے اس دن جب وسط مدتی میزانیاتی گوشوارہ کے مندرجات کو مذکورہ فیصلوں اور حالات کے مالی اور معاشی اثرات کو سامنے رکھتے ہوئے حتمی صورت دی گئی، مگر کوئی فیصلے یا حالات جن کا مشیر خزانہ و ریونیو نے مالیاتی ذمہ داری اور قرض تحدید ایکٹ 2005ء کی دفعہ 8 کی ذیلی شق (3) کے تحت تعین کیا ہے ان کی تفصیل وسط مدتی میزانیاتی گوشوارے میں شامل نہیں کی گئی۔

حامد یعقوب شیخ

سیکرٹری حکومت پاکستان

فنانس ڈویژن

اسلام آباد 10 جون 2022